
# کورونا وائرس ویکسین



**کورونا وائرس نظام تنفّس (سانس) کی بیماری کا سبب بنتا ہے۔ بہت سے لوگوں میں کوئی علامات نہیں ہوتیں یا ہلکی علامات ہوتی ہیں لیکن کچھ لوگ شدید بیمار ہو جاتے ہیں۔ کورونا ویکسین شدید بیماری اور موت سے بچاتی ہے۔**

### ان صورتوں میں آپ کو کورونا ویکسین لگوانے کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ

- آپ کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہو
- آپ نرسنگ ہوم میں رہتے ہوں
- آپ کی عمر 18 سے 74 سال کے درمیان ہو اور آپ خطرہ رکھنے والے کسی گروپ میں ہوں
- آپ ایسے بچے ہوں جسے کوئی شدید بیماری ہو

65 سے 74 سال عمر کے صحت مند افراد بھی اگر چاہیں تو کم قیمت پر کورونا ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

خطرہ رکھنے والے گروپ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کی بیماریاں یا طبی مسائل ان کے لیے کورونا سے شدید بیمار ہونے کا خطرہ بڑھاتے ہیں۔ اگر آپ ٹھیک سے نہیں جانتے کہ آیا آپ یا آپ کا بچہ خطرہ رکھنے والے گروپ میں ہیں تو آپ fhi.no پر مزید تفصیل پڑھ سکتے ہیں یا اپنے ڈاکٹر سے پوچھ سکتے ہیں۔

ویکسین کی پچھلی ڈوزوں یا کورونا بیماری سے آپ کو ملنے والا تحفظ وقت کے ساتھ ساتھ کم ہو جائے گا۔ اس لیے نارویجن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ (FHI) تجویز کرتا ہے کہ جن لوگوں کے لیے شدید COVID-19 کا زیادہ خطرہ ہے، وہ سردیاں آنے سے پہلے ایک اور ڈوز لگوائیں۔

### کیا یہ ویکسین دوسری ویکسینز کے ساتھ اکٹھی لگوائی جا سکتی ہے؟

ہاں، کورونا وائرس ویکسین عام فلو ویکسین اور نیوموکوکل ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگوائی جا سکتی ہے۔

### یہ ویکسین کتنا اثر رکھتی ہے؟

یہ ویکسین شدید COVID-19 کے خلاف اچھا تحفظ فراہم کرتی ہے لیکن انفیکشن لگنے یا انفیکشن کو آگے دوسروں تک پھیلانے کے خلاف صرف تھوڑے سے وقت کے لیے تحفظ فراہم کرتی ہے۔

### کیا اس ویکسین کے کوئی ضمنی اثرات ہیں؟

تمام دوائیوں اور ویکسینز کے ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں لیکن سب لوگوں کو ان اثرات کا سامنا نہیں ہوتا۔ زیادہ تر ضمنی اثرات ویکسینیشن کے بعد پہلے چند دنوں میں ہوتے ہیں جو اکثر ہلکے تا درمیانے ہوتے ہیں اور کچھ دنوں میں ختم ہو جاتے ہیں۔

کچھ لوگوں کو زیادہ شدید علامات پیش آ سکتی ہیں۔ عام ترین ضمنی اثرات انجیکشن کی جگہ پر درد اور سوجن، تھکاوٹ، سر درد، دست، پٹھوں میں درد، سردی لگنا، شدید تھکن، جوڑوں کا درد اور بخار ہیں۔ خطرناک ضمنی اثرات شاذونادر ہی ہوتے ہیں۔ صحت کے حکام تمام ویکسینز کے ممکنہ ضمنی اثرات پر مسلسل نظر رکھتے ہیں۔

### ویکسین کہاں سے لگوائی جا سکتی ہے؟

اپنی میونسپلٹی (کمیون) کی ویب سائیٹ پر دیکھیں کہ ویکسینیشن کیسے اور کب کی جاتی ہے۔

### کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

اپنے ڈاکٹر یا کسی اور صحت کے کارکن سے پوچھیں۔

یہاں مزید تفصیل پڑھیں
fhi.no/voksenvaksinasjon